# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## نوٹیفکیشن نمبر70/24

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم ودہم (فرسٹ اینول) 2025ء کے شروع ہونے کی تاریخ 04-03-2025 ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لیے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم / امتحانی فیس کی وصولی بارے شیڈول حسب ذیل ہے۔

## آغاز امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 04-03-2025

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 02 نومبر 2024ء تا 27 نومبر 2024ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 28 نومبر 2024ء تا 11 دسمبر 2024ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 12 دسمبر 2024ء تا 24 دسمبر 2024ء |

## مذکورہ بالا امتحانات کے سلسلہ میں شرح فیس داخلہ

| گروپ | فیس نہم (پارٹ I) | فیس دہم (پارٹ II) | نہم ودہم (دونوں کلاسز) / کمپوزٹ داخلہ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | 700/= روپے | 700/= روپے | 1400/= روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر | 650/= روپے | 650/= روپے | 1300/= روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر معہ پریکٹیکل مضامین | 700/= روپے | 700/= روپے | 1400/= روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ بغیر پریکٹیکل مضمون | 700/= روپے | 700/= روپے | 1400/= روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ معہ پریکٹیکل مضمون/مضامین | 750/= روپے | 750/= روپے | 1500/= روپے |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | 750/= روپے | 750/= روپے | 1500/= روپے |
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر / پرائیویٹ امیدواران کے لیے | 1200/= روپے مذکورہ فیس جماعت دہم کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ | | |
| رجسٹریشن فیس | 1000/= روپے مذکورہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر عائد وصول کی جائے گی۔ | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم ودہم گورنمنٹ / الحاق شدہ ادارے | 1000/= روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم ودہم پرائیویٹ امیدواران | 1000/= روپے فی طالب علم | | |
| پوسٹل چارجز (پرائیویٹ امیدواران) | 200/= روپے فی طالب علم | | |

**اہم قواعد وہدایات:۔**

(1) امتحان سیکنڈری سکول (نہم / دہم) سالانہ 2025ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام Data بورڈ ہذا کی آفیشل Web Site پر Upload کر دیا گیا ہے۔ جس سے ادارہ جات اپنے داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔

(2) امتحان سیکنڈری سکول (نہم / دہم) سالانہ 2025ء کے لیے پرائیویٹ امیدواران اپنے داخلہ کے لئے بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.edu.pk سے چالان حاصل کرتے ہوئے فیس کی ادائیگی اور ویریفیکیشن ہونے کے بعد ہی داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ تاہم بعد از تصدیق داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔ بورڈ ہذا کی فیس بذریعہ حبیب بنک لمیٹڈ کی نامزد برانچز، HBL ONE BILL KONNECT, EASY PAISA, JAZZ CASH, کے ذریعہ جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ نیز متذکرہ بالا فیس شیڈول کی آخری تاریخ کو فیس جمع کروانے کی صورت میں اگلے تین ایام تک داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔ بصورت دیگر تین ایام گزرنے کے بعد داخلہ فارم اپ لوڈ کرنے کے لئے رائج الوقت شیڈول کے مطابق فیس لاگو ہوگی۔

جاری ہے.....................

(3) حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ تاہم

(i) اگر کسی امیدوار کا داخلہ، فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ شیڈول کے تحت فیس وصول کی جائے گی۔

(ii) ریگولر امیدواران جماعت نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے جمع کرائیں گے۔

(iii) پرائیویٹ امیدواران نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے کے ساتھ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(iv) ریگولر امیدواران جو جماعت نہم کے امتحان میں Re-Admit ہوں وہ بھی داخلہ فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے جمع کروائیں گے۔

(4) پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران جو کلاس دہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/1200 روپے جمع کروائیں گے۔ علاوہ ازیں پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے اور پرائیویٹ امیدواران پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/1200 روپے کے علاوہ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(5) ایسے Re-Appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضمون/مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل والا مضمون پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹیگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

(6) امتحان میں دوبارہ شامل ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران اپنا سابقہ رولنمبر بمعہ سال کے ساتھ بورڈ ہذا کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

(7) جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(8) کوئی بھی ادارہ/امیدوار (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنے پر بورڈ ہذا کے نوٹیفکیشن نمبر 46/17 مورخہ 26-10-2017 کے تحت ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(9) سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط و نشان انگوٹھا ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ کے خلاف قواعد کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(10) سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی بھی درخواست ہے کہ وہ فون نمبر/موبائل نمبر کے کالم میں امیدوار کا فون نمبر یا اس کے والد/گارڈین کا فون نمبر ہی درج کریں. نیز ہر امیدوار کے داخلہ فارم پر ب فارم نمبر اور والد کا شناختی کارڈ نمبر بھی درست درج کریں۔

(11) درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(12) ایسے امیدواران جو دہم میں شامل امتحان ہو چکے ہوں وہ صرف جماعت نہم کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

۔دستخط۔

**(پروفیسر محمد نعیم بٹ)**

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، پاکستان

2۔ گوجرانوالہ بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز/سیکنڈری سکولز کے سربراہان

3۔ جناب اسٹیشن کمانڈر، گوجرانوالہ کینٹ

4۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

5۔ جناب مینجر، حبیب بینک لمیٹڈ بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں

6۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

7۔ داخلی تقسیم

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ: 01-11-2024